اورنٹیل پکچرز کا تیار کردہ نیا شاہکار

سہاگ رات

सुहाग रात

خلاصہ و گانے

کیشورام دت اینڈ سنز بارہ ٹوٹی صدر بازار دہلی

کاسٹ:
گیتا بالی۔ بیگم پارہ۔ وغیرہ۔ وغیرہ

خلاصہ

موت کے بستر پر پڑی ہوئی بیلی کی ماں۔ سوتیلے بیٹے راہو کو اس لئے بلاتی ہے کہ مرنے سے پہلے اپنے بیٹے کا ہاتھ اُس کے ہاتھ میں دے دے۔

راہو بیلی کو لے تو آیا۔ لیکن بیلی کو وہ اپنے راستے سے ہٹا دینا چاہتا تھا۔ کیوں کہ ساری دولت کا وہ اکیلا ہی مالک بننا چاہتا تھا۔ اس نے بیلی کو قتل کرنے کا ارادہ کر لیا اور جگو نام کے ایک آدمی پر بیلی کو قتل کرنے کا زور دیا۔

یہ سب اُس نے اپنے ڈسٹرکٹ چچا کی رائے سے کیا۔

آگے کیا ہوا۔ یہ سب پردہ فلم پر ملاحظہ فرمائیے....
....

گانے

نمبر ۱

رُدم جھوم متوالے بادل چھاگئے۔ بلم جی توری یاد دلا گئے
کوئلیا ساون کے دِن آگئے۔ رُدم جھوم .....
آنسو بن نینوں سے شپنے بہنے لگے
پھر ارمان لپٹ کر دِل سے کہنے لگے
ہمکو کیوں ارموہی یوں بسر گئے۔ بلم جی توری .....
پسن لاگے بادل کالے رے
پھوٹ پڑے آکاش کے دِل کے چھالے رے
برکھا کے دِن آگ لگانے آگئے۔ بلم جی .....

نمبر ۲

باجے موری پائل ٹھنک ٹھنک
شنو یہ سندیشوا سُنائے رے، ہائے رے
تیرے بن اور سے میرے متوا۔
مورا جیا کل نہیں پائے رے۔ ہائے رے
دیکھو کاہیوں نے گھونگھٹ ہٹائے رے
لو وہ بھنورے بدیش سے آئے رے

تیرے بن او رے میرے متوا۔ مورا جیا۔۔۔۔
میں لاکھ شرم سے نین سجائے رہے

دونوں ہاتھوں سے دل ہوں دبائے رہے
اور کوئی کیسے سنبھالے رہے۔ مورا جیا۔۔۔۔
دل کی دھڑکن میں ارمان چھپائے رہے
چاہوں نس نس میں کوئی سمائے رہے
منہ سے کیا کہوں میں لاج آئے رہے۔ مورا جیا۔۔۔۔

(۳)

کس پاپی سنگ الجھیں انکھیاں۔ ہائے انکھیاں۔ رو رو نین گنوائے۔
کیا ہم سے روٹھے من بسیا۔ سپن میں بھی نہ آئے۔
بھولا من بہلانے والے۔ آجا اور روٹھ کے جانے والے
چار دنوں کا کھیل جوانی۔ مستانی جا کے پھر نہیں آئے۔
کب سے کھڑی ہوں میں شیش گندھائے۔ لاؤں تیری نین پھسنے
کون تجھے سمجھائے میرے رسیا۔ من بسیا۔ ساون بیتا جائے
مجھ میں بنا کر بسا ردیا کیوں۔ بالی عمریا سے بیر لیا کیوں
نہ دن گزریں۔ نہ گزریں رتیاں۔ ہائے چھتیاں دھڑکے جیا گھبرائے

(۴)

بکتی بابل مورے کا ہے کو دینی بدیس

بھائی کو دینو محل دو محلہ۔ مو پہ دینو پردیس۔ او...
بیٹی تو بابل اک چڑیا جو رین لیے اُڑ جائے، ہو سکتی.....

(۵)

میرے دل کی دھڑکنوں میں سکھی کون آ سمایا
ہر شاخ جھومنے لگی۔ ہر پھول مسکرایا۔
جھرنے اُچھل پڑے ندی نے جل ترنگ سنایا
جب کہ پتے ہونٹوں سے میں نے تیرا گیت گایا
آنکھوں میں آنکھیں ڈال مجھے تو نے کیا پلایا
جس تارے پر نظر پڑی وہ تارا لڑکھڑایا
زور سے کیوں ٹوٹنے جب دل کے پاس آیا۔
کیوں دیا نے منہ چھپا لیا۔ کیوں میں نے سر جھکایا۔

(۶)

تیرے بن میری زندگانی کس کام کی
میری قسم نہ جیئو پردیس۔ لنگر تم نہ جیئو پردیس
اس رُت میں گھر سے نہ جاؤ جی۔ نہیں جاؤ جی۔
کچھ تو ترس آنسوؤں پہ کھاؤ جی۔
لو دیکھو تیرے گھوڑے کی لگام میں نے تھام لی۔ تمہاری قسم.....
گیہاں لگا کے اب کچھ تو نبھاؤ جی۔ یوں نہ بیری انہیں ٹھکراؤ جی۔

رات دِن جر جپے ہیں. مالا تیرے نام کی. میری قسم.....
جب نہ کٹیں گی موسے کالی راتیں جی
دل سے کروں گی جو میں دھیرے باتیں جی.
اُداس موہے مُفت میں کریگی بدنام جی. موری قسم.....

(۷)

یہ بُرا کیا. جو صاف صاف کہدیا. کہ میرے سانورے پیا.
تورے دور رہ کے چین نہ پائے جیا. کہ میں نے یہ.....
میٹھی بتیوں میں بھرمائے گئے ہم.
لڑکا:. بھوُل تو تمہاری، بھلا میں نے کیا کیا. میں نے کیا کیا
لڑکی:. کہ میں نے یہ بُرا کیا.....
ہم جئیں. مریں بھلا جی تمکو کیا پڑی
دیکھتے ہو نینوا سے لاگی ہے جھڑی
لڑکا:. خالتو پانی بہہ گیا تو کیا ہوا.
لڑکی:. کہ میں نے یہ بُرا کیا.....
ہم بُری طرح سے تو پہ جان مرے ہیں
رین دِن ہائے تمہیں یاد کریں ہیں
لڑکی:. شکر ہے کہ کچھ تو تمہیں کام مل گیا
لڑکی:. کہ میں نے یہ بُرا کیا.......

لڑکا: یہ بُرا کیا. جو صاف صاف کہدیا. کہ بیرے ....

(۸)

جاؤ جاؤ نہ ستاؤ. موہے نہ بناؤ بتیاں
کٹ جائیگی ہماری ایسی رتیاں
توسے نہ بولوں گی توری پیاں نہ پڑوں گی. بے ایمان بلما جاؤ.
یاد ستائے جیا بھر بھر آئے ہے. من بچگا کیسے ترسائے ہے
توسے نہ بولوں گی. توری پیاں .....
آنسو پی مسکا لیتی ہوں. کیونکہ ہوک دبا لیتی ہوں. توسے.....
جا تیرا احسان نہ لوں گی. دل ہی دیا ہے تو جان بھی دوں گی.

(۹)

بہولے سے منہ موڑ چلے اب جھوٹی تسلی رہنے دو.
توڑ کے دل جب جانے لگے. کیوں جھوٹا موہ جتانے لگے
کیوں آنسوؤں کو بھرمانے لگے. ہیں بہتے یہ تو بہنے دو.
جھوٹے ڈھونڈ لئے تھے سہارے. ہم نکلے قسمت کے مارے
تم غیروں کے غیر تمہارے. دکھیوں کو دکھ سہنے دو.
بھید جیا کے ہم نے نہ کھولے. آج تلک کی بول نہ بولے
آج جو دل کہنا چاہتا ہے. آج تو اس کو کہنے دو
تم تو گئے کیا زور ہمارا. یاد تو دل میں رہنے دو. (ختم شد)

300/- تین صد روپیہ مفت انعام

عمل محبت کے شائقین ہمارا اصلی جادو تعویذ منگائیں. اس کو اپنے پاس رکھکر آپ جس کسی کا بھی نام لیں گے. خواہ وہ کیسا ہی پتھر دل. مغرور. سخت کلام. کیوں نہ ہو. جہاں کہیں بھی ہوگا. آپ سے ملنے کیلئے تڑپنے لگیگا اور جب بھی آپ اُس کے سامنے جائینگے وہ آپ سے محبت کا اظہار کریگا. نیز گمشدہ کی تلاش کرنا. کسی کے دل کا راز معلوم کرنا. مردہ روحوں سے باتیں کرنا. غرضیکہ آپکے ہر سوال کا جواب آپکو ملجائیگا. اور اگر آپکے دلمیں کوئی خواہش ہے. جو باوجود کئی ہزار کوششوں کے بھی پوری نہیں ہوئی. وہ بھی ہمارے اصلی جادو تعویذ کے پاس رکھنے سے گنتی کے دنوں میں پوری ہوجائیگی معاوضہ تعویذ دو روپے. تین تعویذ کی قیمت پانچ روپے. محصولڈاک معاف.

نوٹ:- غلط ثابت کرنے والے کو تین صد روپیہ نقد انعام دیا جائیگا.

ملنے کا پتہ:-

موہنی بھنڈار پوسٹ بکس نمبر ۵ K.R. دہلی